12 اپریل 2019ء

## مرکزی اور کمرشل بینکاری پر بین الاقوامی تربیتی پروگرام کا اسلام آباد میں اختتام

مرکزی بینکاری پر بین الاقوامی کورس کا 49 واں دور اور کمرشل بینکاری پر بین الاقوامی کورس کا 46 واں دور آج 12 اپریل 2019ء کو اختتام پذیر ہو گیا جس میں 15 ملکوں کے 43 مندوبین نے شرکت کی۔ ان ملکوں میں الجزائر، افغانستان، کمبوڈیا، ایتھیوپیا، مصر، گیمبیا، اردن، سری لنکا، مالدیپ، ماریشس، نیپال، آئیوری کوسٹ، زمبابوے، کرغیز جمہوریہ اور پاکستان شامل ہیں۔ تربیت کا آغاز 25 مارچ 2019ء کو ہوا تھا۔

بینک دولت پاکستان کا تربیتی ادارہ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف بینکنگ اینڈ فنانس (نباف) ترقی پذیر ملکوں کے شرکا کے لیے مرکزی بینکاری اور کمرشل بینکاری پر بین الاقوامی تربیتی پروگرامات گذشتہ کئی سال سے منعقد کرتا آرہا ہے۔ یہ پروگرام پاکستان ٹیکنکل اسسٹنس پروگرام (پی ٹی اے پی) کے سلسلے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور اقتصادی امور ڈویژن، حکومت پاکستان کی مشترکہ اسپانسرشپ کے تحت ہوتا ہے۔

اس تربیتی پروگرام کا مقصد یہ تھا کہ شرکا کی استعداد بڑھائی جائے، پالیسی ساز شخصیات، مرکزی بینکاروں، اور مستند ٹرینرز کے ساتھ مکالماتی سیشنز کے ذریعے مرکزی اور کمرشل بینکاری سرگرمیوں کے اہم پہلوؤں پر شرکا کو عملی معلومات اور گہری بصیرت فراہم کی جائے۔

تربیتی پروگرام ماہرین کی طرف سے کلاس روم ٹریننگ اور گروپ سرگرمیوں پر مشتمل تھا۔ پروگرام میں فیصل آباد کا مطالعاتی و مشاہداتی دورہ بھی شامل تھا جہاں برآمدی نوعیت کی ٹیکسٹائل مصنوعات بنانے والے اداروں کے دورے کے علاوہ فیصل آباد چیمبر آف کامرس کے ساتھ باضابطہ ملاقات کا بھی اہتمام کیا گیا۔

****

